جھارکھنڈ کونسل برائے تعلیمی تحقیق وتدریس رانچی (JCERT)

PROJECT RAIL

(REGULAR ASSESSMENT FOR IMPROVED LEARNING)

General School

درجہ (Class) :۔ 10TH — مضمون (Subject) :۔ اردو

وقت :۔ ایک گھنٹہ — مجموعی نمبر :۔ 20

عمومی ہدایات :۔ (1) سوالوں کی کل تعداد 12 ہے۔ سبھی سوالوں کے جواب دینا لازمی ہے۔

(2) سوال نمبر 1 سے 6 تک معروضی سوالات ہیں۔ ہر ایک کے لئے 1 نمبر مختص ہے۔

(3) سوال نمبر 7 سے 10 تک کے لئے مختصر ترین جواب مطلوب ہیں۔ ہر ایک سوال کے لئے دو نمبر متعین ہے۔

(4) سوال نمبر 11 اور 12 کے لئے طویل جواب مطلوب ہیں۔ ہر ایک کے لئے 3 نمبر متعین ہے۔

حصہ (الف) معروضی سوالات
Section-A (6x1=6)

سوال نمبر 1 سعادت حسن منٹو کا ''نیا قانون'' نثری ادب کی کیسی صنف ہے؟

(الف) افسانہ (ب) سوانح (ج) آپ بیتی (د) مضمون

سوال نمبر 2 منٹو کے خاندان کا تعلق کہاں سے تھا؟

(الف) حیدرآباد (ب) علی گڑھ (ج) کشمیر (د) لاہور

سوال نمبر 3 استاد منگو نے گورے انگریز کو ہیرا منڈی تک کا کرایہ کتنا بتایا تھا؟

(الف) پانچ روپیہ (ب) چھ روپیہ (ج) سات روپیہ (د) آٹھ روپیہ

سوال نمبر 4 استاد منگو کے مطابق ہندوستان میں نیا قانون کب سے نافذ ہونے والا تھا؟

(الف) ایک مارچ (ب) 31 مارچ (ج) 1 اپریل (د) 30 اپریل

سوال نمبر 5 افسانہ ''بھیک'' کے مصنف کون ہیں؟

(الف) سعادت حسن منٹو (ب) حیات اللہ انصاری (ج) راجندر سنگھ بیدی (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 6 افسانہ ''بھیک'' کا کردار مندرجہ ذیل میں سے کون نہیں ہے؟

(الف) کیلاش (ب) رجنی (ج) کلو (د) شانتی

Section-B (4x2=8) حصہ (ب) مختصر ترین سوالات

سوال نمبر 7 استاد منگو کون تھا اور اسے دنیا کے حالات کی خبریں کس طرح ملا کرتی تھیں؟

سوال نمبر 8 منگو کوچوان انگریزوں سے کیوں نفرت کرتا تھا؟

سوال نمبر 9 حیات اللہ انصاری کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

سوال نمبر 10 رجنی کو ایسی کون سی خوشی حاصل ہوئی جس کی وجہ سے وہ رات بھر سو نہ سکی؟

Section-C (2x3=6) حصہ (ج) طویل سوالات

سوال نمبر 11 منگو کا کردار اپنے الفاظ میں مختصراً بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12 پہاڑ پر چڑھتے وقت رجنی اور اس کے بہن بھائیوں کے جذبات کیا تھے؟

16.06.2026 PROJECT RAIL